Roll No. | | | | | | | |

Series SHC Code No. **30**

- Please check that this question paper contains 6 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 10 questions.
- Please write down the Serial Number of the question before attempting it.

URDU (Elective)

اُردو (الیکٹو)

Time allowed : 3 hours *Maximum Marks : 100*

وقت : 3 گھنٹے کل نمبر : 100

1. ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

سکندر ۔ اولوالعزم، زبردست ہفت اقلیم کا بادشاہ تھا دارا کو شکست دی۔ آبِ حیات کی تلاش میں خضر کے ساتھ ظلمات تک گیا، مگر ناکام پھرا۔ لوہے کو جلا دے کر آئینہ بنایا۔ یاجوج ماجوج کو آبادی عالم سے نکال کر سدِ سکندر تعمیر کروایا۔

نوشیرواں ۔ ایک بادشاہ تھا عدل و انصاف میں مثل نہ رکھتا تھا۔ اپنے محل کی دیوار ٹیڑھی کردی، مگر ایک غریب بڑھیا کا جھوپڑا اس کی مرضی کے خلاف نہ لیا۔

قارون ۔ جتنا دولت مند تھا اتنا ہی بخیل بھی تھا۔ حضرت موسیٰ نے اسے اپنی دولت کا کچھ حصّہ خیرات کرنے کی ہدایت کی، مگر وہ راضی نہ ہوا۔ آپ خیرات کی مقدار کم کرتے کرتے کچھ کوڑیوں تک اُتر آئے مگر وہ اس پر بھی آمادہ نہ ہوا۔ پیغمبر نے بددُعا کی اور وہ اپنے تمام خزانے کے ساتھ زمین میں دھنس

گیا اور قیامت تک دھنستا چلا جائے گا۔"

(i) اس عبارت کے سبق اور اس کے مصنف کا نام لکھیے۔
(ii) سکندر کون تھا اور اس نے کیا کیا کام کئے؟
(iii) نوشیرواں کے کردار کی خوبی مثال دے کر بتائیے۔
(iv) حضرت موسیٰؑ نے کسے بددُعا دی اور کیوں بددُعا دی؟
(v) اس عبارت کی روشنی میں مصنف کے اسلوب پر چند جملے لکھیے۔

— یا —

ہندوستان کے آئین میں ہر شہری کے لئے چھ بنیادی حقوق ہیں۔
(1) مساوات کا حق (2) آزادی کا حق (3) لوٹ کھسوٹ سے حفاظت کا حق، (4) مذہبی آزادی کا حق (5) تعلیمی اور تہذیبی حق (6) دستوری چارہ جوئی کا حق۔

آئین کے یہ چھے بنیادی حقوق اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ملک میں رہنے والے مختلف مذاہب، مختلف نسلوں اور زبانیں و بولیاں بولنے والوں کے درمیان کسی طرح کا بھید بھاؤ نظر نہ آئے اور ہندوستان کے رہنے والوں میں "اتحاد" کی روح جسے متعدد بار ختم کرنے کی کوشش ہوئی، برقرار رہے اور ہندوستان دنیا کے نقشے پر ایک عظیم ملک کے ساتھ ساتھ ایک ایسی قوم کے روپ میں اُبھرے جو اپنی رنگارنگی کے ساتھ متحد بھی ہو۔

"متحدہ قومیت" انسانوں کے ایک بڑے گروہ یا جماعت جس میں مختلف مذاہب، نسل، زبان اور مختلف عادت و اطوار اور کھانے پینے، رہن سہن کے طریقوں کے اختلاف کے باوجود اپنی مرضی سے ایک سیاسی اور معاشی نظام کو اختیار کریں اور ملک کے آئین کے پابند ہوں۔

(i) اس عبارت کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے۔
(ii) ہندوستان کے آئین میں ہر شہری کے لئے چھ بنیادی حقوق کیا ہیں؟

(iii) آئین کے بنیادی اصول کس بات کی نشاندہی کرتے ہیں ؟
(iv) "متحدہ قومیت" کی وضاحت کیجئے ۔
(v) درج ذیل کو جملوں میں استعمال کیجئے ۔
لوٹ کھسوٹ ، بھید بھاؤ ، رہن سہن ، عادت واطوار

2. درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے : 7
(i) فقیر
(ii) فوٹو گرافر

3. درج ذیل میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھئے ۔ 8
(i) مرزا محمد ہادی رسوا کی ناول نگاری ۔
(ii) محمد مجیب کی ڈراما نگاری ۔
(iii) مشتاق احمد یوسفی کی طنز و مزاح کی خصوصیات ۔
(iv) ابوالکلام آزاد کی ادبی خدمات ۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح کیجئے، شاعر کا نام اور شعری خوبیوں کی نشاندہی بھی کیجئے ۔ 10

(i) جیتے جی کوچۂ دلدار سے جایا نہ گیا
اس کی دیوار کا سر سے مرے سایا نہ گیا

(ii) ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

(iii) حسن، غمزے کی کشاکش سے چھٹا، میرے بعد
بارے آرام سے ہیں اہلِ جفا ، میرے بعد

(iv) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا
رنج راحت فزا نہیں ہوتا

(v) حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

- یا -

(الف)

بدل جائے گا معیار شرافت چشمِ دنیا میں
زیادہ تھے جو اپنے زعم میں وہ سب سے کم ہونگے
گزشتہ عظمتوں کے تذکرے بھی رہ نہ جائیں گے
کتابوں ہی میں دفن افسانۂ جاہ و حشم ہوں گے
کسی کو اِس تغیّر کا نہ حِس ہوگا نہ غم ہوگا
ہوئے جس ساز سے پیدا اسی کے زیر و بم ہوں گے

(ب)

پوچھا کسی نے یہ کسی کامل فقیر سے "یہ مہر و ماہ حق نے بنائے ہیں کاہے کے"
وہ سُن کے بولا "بابا! خدا تجھکو خیر دے ہم تو نہ چاند سمجھیں، نہ سورج ہیں جانتے
بابا! ہمیں تو یہ نظر آتی ہیں روٹیاں

5. ذیل میں سے کسی ایک پر سَو لفظوں میں اظہار خیال کیجئے:
(i) البیلی صبح
(ii) بزمِ انجم

6. ذیل میں سے صرف دو (2) کے جواب لکھیے۔ 8

(i) شوق لکھنوی کی مثنوی گوئی

(ii) مومن خاں مومن کی غزل گوئی

(iii) اکبر کی نظم گوئی

(iv) اقبال کی نظم گوئی

7. ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

(i) رشید احمد صدیقی

(ii) کرشن چندر

8. ذیل میں سے صرف دو (2) کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) نور خاں نے فوجی ملازمت سے سبکدوش ہونے کا ارادہ کیوں کیا؟

(ii) جگر صاحب کے شعری کارناموں کے بارے میں محمد طفیل نے کیا کہا ہے؟

(iii) بیرسٹر صاحب کو آرام کرسی پر دیکھ کر چڑے کے دل میں کیا خیال آیا؟

(iv) ہارڈنگ لائبریری کے مشاعرے میں بیخود دہلوی اور ثاقب لکھنوی کے درمیان جو معاملہ پیش آیا، اسے مختصر الفاظ میں لکھیے۔

9. ذیل میں سے صرف دو (2) پر مفصل اظہارِ خیال کیجیے۔ 20

(i) اُردو زبان کا ارتقاء

(ii) فورٹ ولیم کالج

(iii) دبستان دہلی میں غالب اور میر کی شاعری کا عروج

(iv) سودا کی قصیدہ گوئی۔

10۔ ذیل میں سے صرف چار پر مختصر تعارفی نوٹ لکھیے۔ 20

(i) اُردو میں تذکرہ نگاری کی روایت اور محمد حسین آزاد۔

(ii) سید انشاءاللہ خاں انشاؔ

(iii) سید عابد حسین کی ادبی خدمات

(iv) جوشؔ کی نظم گوئی

(v) غالبؔ کی غزل گوئی

(vi) اُردو میں افسانہ نگاری۔